# کیا آپ فری لانس کارکنوں کو کام پر رکھتے/رکھتی ہیں؟

## نیویارک شہر کے قانون سے آگاہی حاصل کریں

Urdu | اردو

NYC Consumer Affairs
Office of the Mayor
Lorelei Salas
Commissioner



## وسائل

### نمونہ معاہدہ جات

DCA نے قانون کے حسب ہدایت معاہدوں کے نمونہ جات تیار کیے ہیں جن کا آجر فریق اور فری لانس کارکنان جائزہ لے سکتے ہیں۔ براہ کرم ملاحظہ کریں: nyc.gov/dca۔

### چھوٹے کاروبار کے لیے وسائل

عام کاروباری ضوابط کے بارے میں مزید جاننے اور اپنے کاروبار میں معاونت کے لیے وسائل تک رسائی کے لیے nyc.gov/business ملاحظہ کریں۔

### فری لانس کارکنوں کے لیے وسائل

شہر اہل افراد کو مفت اور ارزاں خدمات، بشمول صحت کا بیمہ، مالی مشاورت اور ٹیکس ریٹرن کی تیاری، فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنے فری لانس کارکنوں کو nyc.gov/dca پر موجود ان وسائل تک رسائی کی ہدایت کر سکتے/سکتی ہیں۔

## DCA کا دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards - OLPS)

کارکنوں کے لیے شہری حکومت میں ایک وقف کردہ آواز ہے۔ کمزور کارکنوں کی مدد کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ، OLPS جائے کار پر امیگرینٹس، مختلف رنگ و نسل کے حامل افراد اور خواتین کو متاثر کرنے والے معاملات پر توجہ مرکوز کرنے کے ہمارے مینڈیٹ کو اختیار کرتا ہے۔

:OLPS

- جائے کار کے کلیدی میونسپل قوانین کا **نفاذ کرتا ہے۔**
- اصل تحقیق انجام دیتا ہے اور تعلیم و تربیت **فراہم کرتا ہے۔**
- ایسی پالیسیاں، جو نیویارک شہر کی ارتقاء پذیر معیشت اور افرادی قوت پر اثرپذیر ہوتی ہیں، **تیار کرتا ہے۔**

NYC Consumer Affairs

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پذیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔ ہمارے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے کام کے ذریعے DCA ایسے ٹولز اور وسائل مہیا کر کے کارکن خاندانوں کو مختار بناتا ہے جو انہیں خوشحالی حاصل کرنے اور کام و زندگی میں توازن پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔

06/2017

Printed on 30% post consumer recycled paper

اگر آپ نیویارک شہر میں ایک فری لانس کارکن کو کام پر رکھتے/رکھتی ہیں، تو ”فری لانس مفت نہیں ہوتا“ قانون (Freelance Isn't Free Act)، جو 15 مارچ 2017 سے نافذ ہوا، کے تحت آپ کی قانونی ذمہ داریاں ہیں۔ اگر اس قانون کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو آپ محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) کے ذیلی حصہ دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) سے رابطہ قائم کر سکتے/ سکتی ہیں۔

ضروری ذمہ داریوں اور وسائل سے آپ کی آگاہی کے لیے DCA نے یہ جائزہ تیار کیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، **311 پر کال کریں** اور ”Freelance Workers“ سے رابطہ کی درخواست کریں یا ملاحظہ کریں: **nyc.gov/dca**

## قانون کے تحت آجر فریق کون ہوتا ہے؟

ایک **آجر فریق** کسی سرکاری ادارے کے سوا کوئی بھی ہو سکتا ہے جو کسی فری لانس کارکن کو کام پر رکھتا ہے۔

## قانون کے تحت فری لانس کارکن کون ہوتا ہے؟

**فری لانس کارکن** ایک ایسا فرد واحد ہوتا ہے جسے آپ معاوضے کے عوض خدمات کی فراہمی کے لیے بطور خودمختار ٹھیکدار کام پر رکھتے/رکھتی ہیں یا کام پر لگا رہنے دیتے/دیتی ہیں۔ فری لانس کارکنان کے لیے سب سے عام صنعتوں میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

- فلم اور وڈیو
- گرافک اور ویب ڈیزائن
- گھروں کی تعمیرومرمت
- ذرائع ابلاغ
- فوٹوگرافی
- ترجمہ

**استثنات:**

کچھ خاص سیلز نمائندے، اٹارنی اور لائسنس یافتہ طبی پیشہ ور افراد فری لانس کارکنان کی تعریف میں آنے والے افراد کی فہرست میں شامل نہیں ہیں۔

اس قانون کا اطلاق عام طور پر کسی اجتماعی سودے بازی سے طے پانے والے معاہدے، جو کارکنوں کی بطور ملازمین توضیع کرتا ہو، کے تحت ہونے والے کام پر نہیں ہوتا۔

**ملازم یا خودمختار ٹھیکدار؟**

ایک کارکن ”خودمختار ٹھیکدار“ ہے یا ایک ”ملازم“ ہے، اس کا انحصار کئی مختلف عوامل اور کام کے بندوبست کی نوعیت پر ہوتا ہے۔ براہ کرم ان وسائل کے لیے **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں جو آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دیں گے کہ آیا آپ اپنے کارکنوں کے لیے کام کی درست درجہ بندی استعمال کر رہے/رہی ہیں یا نہیں۔ اگر درجہ بندی کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو آپ DCA سے بھی **freelancer@dca.nyc.gov** پر رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔ **تاہم DCA قانونی مشورہ نہیں فراہم کرتا۔**

## آپ کی ذمہ داریاں

**یہ قانون فری لانس کارکنان کا، ان کی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، احاطہ کرتا ہے۔**

### تحریری معاہدہ



$800 یا زیادہ کے تمام معاہدے لازماً تحریری شکل میں ہونے چاہیئیں۔ اس میں آپ کے اور ایک فری لانس کارکن کے درمیان 120 دن کے کسی بھی دورانیے میں طے پانے والے وہ تمام معاہدے شامل ہیں جن کی مجموعی مالیت $800 ہو۔ تحریری معاہدے میں آپ کے کام؛ کام کی اجرت اور ادائیگی کی تاریخ کے بارے میں تفصیل لازمی موجود ہونی چاہیئے۔ تحریری معاہدہ کی ایک نقل آپ کو اور ایک فری لانس کارکن کو لازمی طور پر اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔

### بروقت ادائیگی



آپ کو تمام مکمل کردہ کاموں کے لیے فری لانس کارکن کو لازماً ادائیگی کرنی چاہیئے۔ آپ کو معاہدہ میں درج کردہ تاریخ پر یا اس سے پہلے لازماً ادائیگی کرنی چاہیئے۔ اگر معاہدہ میں ادائیگی کی کوئی تاریخ درج نہ ہو تو آپ کو کام مکمل ہونے کے 30 دن کے اندر فری لانس کارکن کو ادائیگی کرنی چاہیئے۔

### کوئی انتقامی کارروائی نہیں



فری لانس کارکنوں کی طرف سے اپنے حقوق کا استعمال کیے جانے پر ان کو سزا دینا، دھمکانا یا بلیک لسٹ کرنا غیر قانونی ہے۔

### شکایات




ایک فری لانس کارکن DCA کے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے پاس شکایت درج کروا سکتا/سکتی ہے۔ اگر آپ کے خلاف کوئی شکایت درج کروائی جاتی ہے تو DCA آپ کو اس کی اطلاع دے گا۔ آپ کو لازمی طور پر 20 دن کے اندر شکایت کے نوٹس کا تحریری طور پر جواب دینا چاہیئے۔ اگر آپ جواب نہیں دیتے/دیتیں اور اگر فری لانس کارکن عدالت میں دیوانی دعویٰ دائر کر دیتا/دیتی ہے تو جج فرض کر لے گا کہ آپ نے خلاف ورزیوں کا ارتکاب کیا ہے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو freelancer@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔

### دیوانی دعویٰ



ایک فری لانس کارکن قانون کی خلاف ورزیوں پر عدالت میں دیوانی دعویٰ دائر کر سکتا/سکتی ہے۔ اگر عدالت آپ کو قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب پاتی ہے تو آپ ہرجانہ ادا کرنے کے لیے قانوناً ذمہ دار ہو سکتے ہیں—دیر سے ادائیگی یا ادائیگی نہ کرنے پر دوگنا جرمانہ، تحریری معاہدہ فراہم کرنے میں ناکامی پر یا انتقامی کارروائی پر اضافی ہرجانہ—اس کے ساتھ ساتھ اٹارنی کی فیس اور اخراجات۔